MODEL QUESTION PAPER OF URDU

For Diploma in Information Technology (DIT 02 year)
DIT Semester-II (First year)
(OBJECTIVE)PART-A

Time Allowed:1 hour 20 Minutes **Marks:**50

ہدایات:

اس حصے میں **50 کثیر الانتخابی سوالات** (MCQs) شامل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک** نمبر ہے۔

تمام سوالات فراہم کردہ علیحدہ مشین سے قابلِ مطالعہ جوابی شیٹ پر حل کریں۔

.1 اخلاق میں سب سے مقدم اور ضروری پہلو ہے۔

(A). خوش گفتاری

(B). نرمی وملائمت

(C). استقلال واستقامت

(D). صدق ودیانت

.2 دہلی کی بربادی کے بعد شاہی بیگمات کو اختیار کرنا پڑا۔

(A). بھیک مانگنے کا طریقہ

(B). قالین بننے کا ہنر

(C). ماما گیری کا ہنر

(D). کوزہ گیری کی محنت

.3 غالب رہائی کے بعد جانا چاہتے ہیں۔

(A). کلکتہ

(B). عالم ارواح

(C). اپنے آبائی وطن

(D). دوبارہ دہلی

.4 استاد منگو نے سیلن میں جنگ کی خبر سب سے پہلے حاصل کی تھی۔

(A). ریڈیو سے

(B). اخبار سے

(C). ایک سواری سے

(D). تانگے والوں سے

5. جب سپین میں جنگ چھڑ گئی تو تانگے والے نے اڈے پر استاد منگو کو:

(A). شرمندہ کیا

(B). لڑائی کا اعتراف کیا

(C). جھوٹا قرار دیا

(D). نظر انداز کیا

6. مجلس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انداز یہ تھا کہ:

(A). زانو آگے رکھتے

(B). گردن جھکا کر بیٹھتے

(C). زانو ہم نشینوں سے پیچھے رکھتے

(D). الگ نشست پر بیٹھتے

7. چھترپور کے قریب گوجروں نے حملہ کر کے:

(A). قافلے کو تباہ کر دیا

(B). خواتین کو یرغمال بنایا

(C). سارا سامان لوٹ لیا

(D). رتھ چلا دیے

8. غالب نے جیل سے فرار کے بعد تین برس گزارے:

(A). حجاز میں

(B). بلاد شرقیہ میں

(C). دہلی میں

(D). دکن میں

9. جمیل بھیا اماں کو یقین دلاتے ہیں:

(A). شکیل جلد آ جائے گا

(B). سب ٹھیک ہو جائے گا

(C). فوراً جانا چاہیے

(D). فساد ختم ہو جائے گا

10. عالیہ نے خط لکھا:

(A). بڑی چچی کو

(B). چھمی کو

(C). اسرار میاں کو

(D). جمیل بھیا کو

11. ڈاکٹر نے زخم پر مرہم----

(A). لگائی

(B). لگایا

(C). لگائیں

(D). لگائے

12. یہ عورت بڑی--------ہے۔

(A). لڑاکا

(B). لڑاکی

(C). لڑاکو

(D). لڑاکے

13. یہ آج-------اخبار ہے۔

(A). کا

(B). کی

(C). کو

(D). کے

14. اس---------املا درست نہیں۔

(A). کا

(B). کے

(C). کی

(D). کو

15. ترازو ٹوٹ--------

(A). گیا ہے

(B). گئی ہے

(C). گئے ہیں

(D). گئی ہیں

16. یہ------فوٹو ہے۔

(A). میرا

(B). میری

(C). اس کی

(D). میرے

17. یہ گھوڑا گاڑی اس-----ہے

(A). کا

(B). کے

(C). کی

(D). کو

18. علی نے حلف------

(A). لی

(B). لیا

(C). لیے

(D). لیں

19. چند منٹوں میں جھاگ بیٹھ------

(A). گیا

(B). گئے

(C). گئی

(D). گئے

20. دوروپے-------گوندلاؤ۔

(A). کا

(B). کی

(C). کے

(D). کو

21. جنوری کے بعد فروری۔۔۔۔۔ہے

(A). آتی

(B). آتا

(C). آتیں

(D). آتے

22. آپ کے جسم پر میل۔۔۔۔۔۔۔ہے

(A). جمی ہوئی

(B). جمے ہوئے

(C). جماہوا

(D). جمی ہوئیں

23. بارش کے بعد کیچڑ پھیل۔۔۔۔۔۔ہے

(A). گیا

(B). گئی

(C). گئے

(D). گئیں

24. پیاز کس بھاؤ۔۔۔۔۔

(A). بک رہا ہے

(B). بک رہی ہے

(C). بک رہے ہیں

(D). بک رہیں ہیں

25. تشبیہ کے لغوی معنٰی ہیں

(A). اشارہ کرنا

(B). چھین لینا

(C). مانند قرار دینا

(D). ادھار لینا

26. ادات تشبیہ کا دوسرا نام ہے:

(A). حرف تشبیہ

(B). مشبہ

(C). مشبہ بہ

(D). غرض تشبیہ

27. تشبیہ کے ارکان ہیں:

(A). دو

(B). تین

(C). چار

(D). پانچ

28. بچہ پھول کی طرح ہے، میں "کی طرح" کیا ہے؟

(A). حرف تشبیہ

(B). غرض تشبیہ

(C). مشبہ

(D). مشبہ بہ

29. ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دینا کہلاتا ہے:

(A). تلمیح

(B). استعارہ

(C). مشبہ

(D). تشبیہ

30. استعارہ کے ارکان ہیں

(A). دو

(B). تین

(C). چار

(D). پانچ

31. استعارہ کے لغوی معنی ہیں:

(A). ادھار لینا

(B). ادھار دینا

(C). قرض دینا

(D). قرض لینا

32. وہ شے جس کے لیے ادھار لیا جائے:

(A). مستعار لہ

(B). مستعار منہ

(C). وجہ جامع

(D). مشبہ بہ

33. ماں نے کہا: "دیکھو میرا چاند آیا"، اس جملے میں کونسی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

(A). تشبیہ

(B). مجاز مرسل

(C). استعارہ

(D). مشبہ بہ

34. طرفین استعارہ کہلاتا ہے:

(A). وجہ جامع

(B). تشبیہ

(C). مستعار لہ اور مستعار منہ

(D). استعارہ

35. تلمیح کی نشاندہی کریں:

(A). چاند چہرہ

(B). چاند کی طرح

(C). ابن مریم

(D). کوہ پیما

36. کسی مشہور بات یا واقعہ کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے:

(A). تشبیہ

(B). استعارہ

(C). تلمیح

(D). وجہ جامع

37. تلمیح ہے:

(A). واقعہ معراج

(B). ادھار لینا

(C). برقرار رکھنا

(D). مانند

38. غالب کے خط میں "کشتی نوح" ہے۔

(A). استعارہ

(B). تلمیح

(C). تشبیہ

(D). وجہ جامع

39. غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں:

(A). مطلع

(B). قافیہ

(C). مقطع

(D). ردیف

40. مطلع کے مصرعے ہوتے ہیں:

(A). ہم ردیف

(B). ہم قافیہ

(C). ہم قافیہ و ہم ردیف

(D). ان میں سے کوئی بھی نہیں

41. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے کہلاتا ہے:

(A). مطلع

(B). مقطع

(C). قافیہ

(D). ردیف

42. درج ذیل شعر غزل میں کیا ہے؟ نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشت ویراں سے

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

(A). مطلع

(B). مقطع

(C). قافیہ

(D). ردیف

43. مقطع کی پہچان ہے:

(A). پہلا شعر

(B). آخری شعر

(C). تخلص اور آخری شعر

(D). ردیف اور آخری شعر

44. مطلع کے لغوی معنی ہیں:

(A). غروب ہونے کی جگہ

(B). طلوع ہونے کی جگہ

(C). ڈوب جانا

(D). ختم ہو جانا

45. قافیہ کے لغوی معنی ہیں:

(A). روکنے والا

(B). چلنے والا

(C). پیچھے آنے والا

(D). آگے جانے والا

46. قافیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A). ہندی

(B). اردو

(C). فارسی

(D). عربی

47. ردیف کے لغوی معنی ہیں:

(A). رکنے والا

(B). گھڑ سواری کرنے والا

(C). گھڑ سواری کے پیچھے بیٹھنے والا

(D). اڑنے والا

48. غزل کے آخر میں بار بار آنے والے الفاظ کو کہتے ہیں:

(A). تشبیہ

(B). مطلع

(C). مقطع

(D). ردیف

49. تلمیح کے لغوی معنی ہیں:

(A). اشارہ کرنا

(B). بات کرنا

(C). کنارہ کرنا

(D). ارادہ کرنا

50. اگر غزل میں دوسرے شعر کے دونوں مصرعے بھی ہم قافیہ ہوں تو اسے کہتے ہیں:

(A). مطلع

(B). مطلع اوّل

(C). مطلع ثانی

(D). مطلع ثالث

MODEL QUESTION PAPER OF URDU

For Diploma in Information Technology (DIT 02 year)
DIT Semester-II (First year)
(SUBJECTIVE)PART-B

Time Allowed: 1 Hour 40 Minutes **Marks:**50

SECTION-I

درج ذیل مختصر سوالات میں سے 13 کے جوابات دیجئے۔ (13×2=26)

1۔ مداومت عمل سے کیا مراد ہے؟

2۔ اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

3۔ حضور صلی اللہ علیہ اسلم کی حس مزاح کا کوئی واقعہ تحریر کریں۔

4۔ مرزا سلیم بہادر نے رمضان المبارک میں جامع مسجد جانا کیوں شروع کیا؟

5۔ غدر کے بعد مرزا شہ زور اور ان کے خاندان کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

6۔ مرازشہ زور کی والدہ نے زکوٰۃ اور خیرات وصول کرنے پر کس رد عمل کا اظہار کیا؟

7۔ مرزا ہرگوپال تفتہ کے نام لکھے گئے خط میں مرزا غالب نے کن برتنوں کا ذکر کیا ہے؟

8۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کی بیماری کی کیا صورتحال بیان کی گئی ہے؟

9۔ ناول "آنگن" کس تناظر میں لکھا گیا ہے؟

10- بڑے چچا کی کیا حالت تھی اور ان کو کونسا صدمہ کھائے جارہا تھا؟

11۔ عالیہ کی اماں نے بڑے چچا کو کونسے سخت الفاظ کہے؟

12۔ عالیہ نے بڑے چچا کو کن محبت بھرے الفاظ سے مخاطب کیا؟

13۔ منگو کوچوان اپنے اڈے کے لوگوں میں سب سے زیادہ عقل مند اور دانا کیوں سمجھا جاتا تھا؟

14۔ منگو کوچوان کو انگریز سے کیوں نفرت تھی؟

15۔ منگو کے لیے پہلی اپریل کیوں اتنی اہمیت کی حامل تھی؟

16۔ حرف وفا افق افق مرقوم کرنے کا مطلب کیا ہے؟

17۔ نجوم بکف اور باب شہود سے کیا مراد ہے؟

18۔ سدرۃ المنتہیٰ اور قاب قوسین کی وضاحت کریں۔

SECTION-II

سوال نمبر 1: درج ذیل اجزا میں سے کسی ایک جز کی تشریح کریں نیز شاعر کا نام تحریر کریں۔(7+1=8)

(الف) ہیں ساز پہ موقوف نواہائے جگر سوز
ڈھیلے ہوں اگر تار تو بے کار ہے مضراب
ملّا کی نظر نور فراست سے ہے خالی
بے سوز ہے مے خانہ صوفی کی مئے ناب

(ب) کس شباہت کو لیے آیا ہے دروازے پہ چاند
اے شب ہجراں! ذرا اپنا ستارہ دیکھنا
کیا قیامت ہے کہ جن کے نام پر پسپا ہوئے
ان ہی لوگوں کو مقابل میں صف آرا دیکھنا

سوال نمبر2: درج ذیل پیراگراف کی سیاق وسباق کے حوالہ سے تشریح کریں نیز مصنف اور سبق کا نام تحریر کریں (6+2=8)

اب ہم کو کھانے کی فکر ہوئی کیونکہ اناج سب بھیگ کر سڑ گیا تھا۔ گاؤں والوں سے بھی مانگتے ہوئے لحاظ آتا تھا۔ وہ بھی ہماری طرح اس مصیبت میں گرفتار تھے، تاہم بے چارے گاؤں کے چودھری کو خود ہی خیال ہوا اور اس نے قطب صاحب سے ایک روپے کا آٹا منگوا دیا۔ وہ آٹا نصف کے قریب خرچ ہوا ہو گا کہ رمضان شریف کا چاند نظر آیا۔ والدہ صاحبہ کا دل بہت نازک تھا۔ وہ ہر وقت گزشتہ زمانے کو یاد کیا کرتی تھیں۔ رمضان کا چاند دیکھ کر انھوں نے ایک ٹھنڈا سانس بھرا اور چپ ہو گئیں۔ میں سمجھ گیا کہ ان کو پچھلا زمانہ یاد آ رہا ہے۔ تسلی کی باتیں کرنے لگا، جس سے ان کو کچھ ڈھارس ہو گئی۔

یا

سبق "نیا قانون" کا خلاصہ تحریر کریں نیز مصنف کا نام تحریر کریں۔ (7+1=8)

سوال نمبر3: الیکشن کے امیدوار اور ووٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کریں یا
حصول ملازمت کے لیے ایجوکیشن بورڈ کے چیرمین کے نام درخواست تحریر کریں۔ (8)

MrSadam Hussain (Instructor BS-17)
Govt. Graduate College of Commerce,
Allama Iqbal Town, Lahore.

